# بجٹ 2021

# StrongerBC
*for everyone*








**آج کی تعمیر ا یک بہتر کل کے لئے**

BRITISH COLUMBIA



پچھلے سال، ہم نے بجٹ 2020 متعارف کرایا،جس میں ہمارے ترقی کرتے ہوئے صوبے کی ترقی کو برقرار رکھنے کے لئے تاریخی سرمایہ کاری شامل تھا۔ اس کے بعد کے دنوں میں، دنیا درہم برہم ہوگئی تھی۔

بالکل ابتدا سے ہی، کوویڈ-19 نے ہم سب کو ان طریقوں سے چیلنج کیا ہے جس کا ہم کبھی تصور بھی نہیں کرسکتے تھے۔

میں برٹش کولمبیا کے ان باشندوں کے غم کو تسلیم کرنا اور ان میں شریک ہونا چاہتی ہوں جنہوں نے اپنے کسی پیارےکو اس وائرس کے ہاتھوں کھویا ہے۔

اگرچہ اس بات کی پیشن گوئی کوئی بھی نہیں کرسکتا تھا کہ یہ عالمی وبائی بیماری کون سا راستہ اختیار کرے گی،، لیکن پھر بھی بی. سی. کی ٹھوس مالیاتی بنیاد کا مطلب تھا کہ ہم اس بحران کا جواب دینے کے لئےاچھی طرح سے تیار تھے۔

ہم جانتے ہیں کہ ایسے بہت سارے لوگ اور کاروباریں ہیں جو اس عالمی وبائی بیماری سے غیر متناسب طور پر متاثر ہوئے ہیں – بشمول خواتین، نوجوان افراد، سودیشی (انڈیجینس) کمیونٹیز ، ہاسپیٹیلٹی (خاطر و مُدارات سے وابسطہ کاروباری شعبوں) اور سیاحت کے شعبوں کے۔

حالیہ مہینوں کے چیلنجز، چاہے وہ ویکسین کی فراہمی میں تاخیر ہو، یا نئے ویریئنٹس (متبادل شکل) کے خطرات ہوں،نے یہ واضح کردیا ہے کہ کوویڈ-19 کے خلاف لڑائی ختم نہیں ہوئی ہے – لیکن امید کی کرن ابھی نظر آ رہی ہے۔

2021 کا بجٹ، معاشی بحالی اور آگے آنے والےبہتر دنوں تک پہنچنے کے لیے پُل کا کام کرنے کے ساتھ ساتھ، لوگوں کو عالمی وبا کے باقی دنوں میں محفوظ رکھنے میں مدد کرے گا ہم ان عوامی خدمات کا، جن پر برٹش کولمبیا کے تمام باشندے انحصار کرتے ہیں، تحفظ کرتے ہوئے لوگوں کو ترجیح دینا جاری رکھیں گے ۔

2021 کا بجٹ فوری چیلنجز کی نشاندہی کرتا ہے اور صحت اور ذہنی صحت کی خدمات، کاروبار میں اعانت، قابل استطاعت فراہمی مکانات اور بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر)، کنبوں کے لئے استطاعت کے اقدامات اور ریکارڈ سطح میں ملازمت کے مواقع پیدا کرنے والے کمیونٹی انفراسٹرکچر کی نئی سرمایہ کاری کے ساتھ، بحالی کی مضبوط بنیادوں کی تعمیر کرتا ہے۔

2021 کے بجٹ میں نمو کےمحتاط مفروضات اور اہم مالیاتی دانشمندی سے متعلق ہمارا عمل جاری ہے۔

بی سی کی بحالی راتوں رات نہیں ہوگی، لیکن لوگوں کے لئے اہم ترین چیزوں پر توجہ مرکوز کرکے، ہم سب مل کر ایک بہتر مستقبل بنائیں گے۔

منسٹر آف فینانس (وزیر خزانہ)
معززہ سیلینا روبنسن

# مستقبل کے لئے لوگوں اور کنبوں کی مدد کرنا

***عالمی وبا کے دوران، بہت سارے افراد اور کنبوں نے غیر متوقع طور پر ملازمت سے محروم ہونے کے تناؤ کا سامنا کیا ہے اور ہر فرد ایک ہی طرح سے متاثر نہیں ہوا ۔***

بجٹ 2021 میں بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر) میں بہتری، زندگی کو مزید قابل اسطاعت بنا کے، غربت کو کم کر کے، مفاہمت کو آگے بڑھاکے ان خدمات پرسرمایہ کاری کی جن خدمات پر لوگ انحصار کتے ہیں، لوگوں کی اعانت کے لئےنئی سرمایہ کاریاں شامل ہے۔

## بی سی ریکوری بینیفٹ

بی سی ریکوری بینیفٹ نے مقامی معیشتوں کو متحرک کرتے ہوئے برٹش کولمبیا کے 2.5 میلن باشندوں کی مدد کی ہے۔ یہ بینیفٹ اہل کنبوں اور واحد والد/والدہ کے لئے 1،000 ڈالرتک، اور اہل افراد کے لئے 500 ڈالر تک فراہم کرتا ہے۔ بجٹ 2021 میں بی سی ریکوری بینیفٹ کو فنڈز فراہم کرنا جاری ہے۔ لوگ 30 جون، 2021 تک درخواست جمع کر سکتے ہیں۔

## قابل استطاعت، جامع بچوں کی نگہداشت (چائلڈ کیئر)


گزشتہ چار سالوں میں تاریخی سرمایہ کاریوں کے ذریعے بی. سی. کی 35,000 سے زیادہ کنبوں کو اب کم لاگت میں بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر) تک رسائی حاصل ہے۔

ہم ہر سال ہزاروں نئی جگہیں بناتے رہیں گے، اور سیملیس ڈے پائلٹ پروگرام (SeamlessDay pilot program) میں توسیع کے ذریعے مزید گھرانوں کو اسکول گراؤنڈزپربچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر) تک رسائی حاصل ہوگی۔

موجودہ ارلی چائلڈہُڈ ایجوکیٹرز (بچوں کے ابتدائی اساتذہ) کی اجرت میں اضافے کو دوگنا کرکے 4 ڈالرفی گھنٹہ کردیا جائے گا.، جس سے تقریباً 11,000 ارلی چائلڈہُڈ ایجوکیٹرز کو فائدہ پہنچے گا۔

مزید2000 خاندانوں کو ایسے پروگراموں تک رسائی حاصل ہوگی جو مدد کے طالب بچوں کی روزانہ کی سرگرمیوں میں شمولیت کو بہتربنائیں گے۔

20ملین ڈالر بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندوں کو صحت اور حفاظت کے لیے اضافی گرانٹس میں مدد فراہم کریں گے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ مراکز صفائی کے سامان کی اضافی فراہمی، ذاتی حفاظتی سامان (پرسنل پروٹیکٹو ایکوئپمنٹ) یا جگہ کی بہتری کے ذریعہ محفوظ رہیں۔



*جٹ **2021** میں ایک دن کے **10** ڈالرلاگت والی بچوں کی دیکھ بھال کرنے کی جگہوں کی تعداد دگنی کر دی گئی ہے ، جس کا مطلب ہے کہ مزید **75** بچوں کی دیکھ بھال کے مراکز اور ان پر انحصار کرنے والے ہزاروں خاندان اس پروگرام سے مستفید ہوں گے۔*

## بی. سی. کے بچوں کے لئے مفت عوامی نقل و حمل

رواں ستمبر کی کلاسوں کی شروعات کے وقت 12 سال اور اس سے کم عمر کے340,000 سے زیادہ بچے مفت پبلک ٹرانسپورٹ کی سواری کا استعمال کریں گے۔

**ٹرانس لنک ایریا میں رہنے والے خاندان ہر بچے پر ایک سال میں 672 ڈالر تک کی بچت کرسکتے ہیں، جبکہ بی سی ٹرانزٹ کمیونٹیز کے خاندان سالانہ 400 ڈالرتک کی بچت کرسکتے ہیں**

## چائلڈ آپرچونیٹی بینیفٹ

اکتوبر2020 سے، تقریباً 300،000 خاندانوں نے چائلڈ آپرچونیٹی بینیفٹ وصول کرنا شروع کیا، جو بچے کی 18سال کی عمر تک جاری رہے گا. جن خاندانوں میں ایک بچہ ہے وہ اس سال 1,600 ڈالر تک وصول کریں گے، جن میں دو بچے ہیں 2,600 ڈالر تک، اور جن خاندانوں میں تین بچے ہیں وہ 3,400 ڈالر تک وصول کریں گے۔

## نوجوانوں کے لئے نئی تربیت اور روزگار کے مواقعوں میں سرمایہ کاری

- صحت کی دیکھ بھال کے شعبے میں تربیت کی صلاحیت کو بڑھانے کے لئے نئی جگہوں سمیت ثانوی تعلیم کے بعد کی تعلیم کے لئے نئی فنڈنگ۔
- بجٹ 2021 اور اسٹرونگر بی سی اکنامک ریکوری پلان (Stronger BC Economic Recovery Plan) کے ذریعے شروع کی جانے والی تربیت کو جاری رکھنے کے لئے 32 ملین ڈالر ، بشمول
  - مہارتوں کی تربیت تک رسائی کو بڑھانے کے لئے سودیشی کمیونٹیز اور تنظیموں کے ساتھ شراکتداری کے لئے 17 ملین ڈالر
  - جو لوگ دوبارہ تربیت حاصل کرنے اور نئے کیریئر کی تلاش میں ہیں ان کے لئے مائیکروکریڈینشیل کی تربیت کو بڑھانے کے لئے 5 ملین ڈالر
  - کام سے مربوط (ورک انٹیگریٹڈ) سیکھنے کے مواقع اور قلیل مدتی مہارت کی تربیت کے لئے 10 ملین ڈالر۔
- 45 میلن ڈالر نوجوانوں کے روزگار کے پیش قدمیوں کے لئے جو کے اسٹرونگر بی سی اکنامک ریکوری پلان (Stronger BC Economic Recovery Plan) میں سرمایہ کاری کے ساتھ مل کر مجموعی طور پر 5,000 ملازمتیں پیدا کرنا۔

## تعلیم میں سرمایہ کاری کے ذریعہ بی.سی. کے نوجوانوں کی اعانت

طلباء کی مالی اعانت کے لئے اہم فنڈنگ سرمایہ کاری کی جارہی ہے۔ اس سال، فنڈز میں جاری اضافے کے علاوہ ، ہم اسکولوں میں دماغی صحت کی مدد کو بہتر بنانے، اور نسل پرستی اور مفاہمت کا حل نکالنے کے لئے سرمایہ کاری کر رہے ہیں تاکہ آنے والی نسل اس اعانت کے ذریعے ترقی کر پائے جس اعانت کی انہیں ، اپنی کامیابی کے لئے ضرورت ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ، سرمایہ کاری کے ذریعے پورے بی. سی. کی کمیونٹیز میں نئے اسکولوں کی تعمیر اور موجودہ اسکولوں کو اپ گریڈ کرنا جاری رہے گا..



## بامعنی مفاہمت

**مفاہمت ایک واحد فیصلے، واقعہ یا لمحے سے بڑھ کر ہے۔ یہ ایک مشترکہ اور مسلسل جاری سفر ہے جس میں ہم ایک ساتھ ہیں۔**

مفاہمت کو آگے بڑھانے اور ایک زیادہ جامع معیشت کی تشکیل کے لئے2020 کےموسم خزاں (Fall 2020) کے اسٹرونگربی سی اکنامک ریکوری پلان (Stronger BC Economic Recovery Plan) کے ساتھ بجٹ 2021 جمع ہوتا ہے۔ اس میں سودیشی لوگوں کے ساتھ مفاہمت کو آگے بڑھانے کے لئے کام کرنے کے لئے مالی اعانت بھی شامل ہے ، اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ سودیشی لوگ بی. سی. کی معاشی بحالی میں مکمل طور پر حصہ لے سکیں۔ 2021

کے بجٹ میں وزارت برائے سودیشی تعلقات اور مفاہمت (منسٹری آف انڈیجینس ریلیشنس اینڈ ریکنسیلیشن) کو سالانہ بنیادی فنڈ کے طور پر60 ملین ڈالر کا اضافہ کیا گیا ہے۔ یہ زمینی اور وسائلی سرگرمیوں میں سودیشی لوگوں کی شرکت کی اعانت کے لئے ہے، بشمول قانون سازی، پالیسی اور پروگرامس میں مذاکرات اور شمولیت کے۔

بجٹ 2021 میں مندرجہ ذیل بھی شامل ہیں:

- 45ملین ڈالر ثقافتی طور پر محفوظ صحت کی خدمات اور سودیشی لوگوں کے لئے صحت تک رسائی اور خدمات کو بہتر بنانے کے لئے ہر علاقائی صحت کے اتھارٹی میں زیادہ سودیشی رابطوں کی حمایت کرنے کے لئے۔
- فرسٹ نیشنس ہیلتھ اتھارٹی کے لئے پورے بی. سی. میں سودیشی لوگوں کو ہدف شدہ ذہنی صحت اور نشے سے متعلق خدمات فراہم کرنے کے لئے 14 ملین ڈالر۔
- ابورجنل ہیڈ اسٹارٹ پروگرام میں 400 اضافی جگہیں جو سودیشی خاندانوں کو ثقافتی طور پر متعلقہ بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر) فراہم کرتی ہیں۔
- مہارت کے تربیتی پروگراموں تک رسائی بڑھانے کی مقصد سے سیکڑوں سودیشی کمیونٹیز اور تنظیموں کے ساتھ شراکت کے لئے فنڈ۔

## بی سی کے گھائل ہونے کے لائق (کمزور) لوگوں کی اعانت اور . بی. سی. کے لیے زیادہ مساوی مستقبل کی تعمیر

2021 کے بجٹ میں کمزور لوگوں کے لئے مخصوص پروگرام اور فنڈز شامل ہیں۔ اس میں بی سی میں آمدنی اور معذوری کی مدد میں اب تک کا سب سے بڑا مستقل اضافہ بھی شامل ہے۔

**آمدنی اور معذوری کی معاونت کی شرح میں ماہانہ 175 ڈالر کا اضافہ دو پچھلے اضافوں میں جمع ہوتا ہے جو 2017 سے امداد وصول کرنے والے لوگوں کے لئے ماہانہ کل 325 ڈالر کا اضافہ ہے ،53 فیصد تک کا اضافہ ۔**

سینئر کا ضمیمہ دگنا ہوجائے گا ، جس سے 80,000 تعداد تک کم آمدنی والے بزرگ مستفید ہوں گے۔

نگہداشت میں رہنے والے بچوں کی یا ان بچوں کی جن کی دیکھ بھال کے متبادل انتظامات ہیں، اعانت کے لئے بھی اضافی فنڈنگ دستیاب ہے، نیز اضافی اعانت ایسے پروگراموں کے لئے جن کے ذریعے معذوری یا طبی ضروریات کے حامل بچوں کو مدد ملتی ہے۔

نشونما معذوری کا شکار 24,000 سے زیادہ بالغ افراد کو امداد اور خدمات فراہم کرنے کے لئے کمیونٹی لیونگ بی سی (Community Living BC) کو نئی فنڈنگ موصول ہوگی۔

ہمارےانصاف کے نظام کے لیے نئی سرمائہ کاریاں، خاص طور پر خواتین، مرئی اقلیتوں، واحد والد/والدہ (سنگل پیرنٹس)، پناہ گزینوں، سودیشی عوام، 2SLGBTQ+کمیونٹی کے ارکان اور کم آمدنی والے لوگوں کے لئے انصاف کی بروقت اور مساوی رسائی مہیا کرنے میں مدد کریں گی۔

## مزید قابل استطاعت فراہمی مکانات



*جب سے حکومت نے 2018 میں اپنے 10 سالہ ہومس فار بی.سی. (Homes for BC) منصوبے کی شروعات کی ہے اس وقت سے 26,000 سے زیادہ نئے مکانات تعمیرہوئے ہیں یا زیر تعمیر ہیں*

2021 کا بجٹ بڑھتے ہوئے کنبوں، بزرگوں ، تشدد سے بچ نکلنے والی خواتین اور بچوں، طلباء اور سودیشی عوام کے لئے قابل استطاعت مکانات کے مزید آپشنس پیدا کرے گا۔ اس میں درمیانی آمدنی والے گھرانوں اور کنبوں کے لئے ہاؤسنگ ہب (HousingHub) میں 2 بلین ڈالر کی ایک نئی سرمایہ کاری کے ذریعہ 9,000 مکانات کی تشکیل میں اعانت شامل ہے۔

2021کا بجٹ بے گھر ہونے یا اس خطرےکا سامنا کرنے والے لوگوں کو عالمی وباء کے دوران جا کر رہنے کے لئے، معاون سمیت محفوظ رہائش کے طور پر 3,000سے زائد عارضی ہنگامی پناہ گاہوں اور ہوٹلوں کی جگہیں برقرار رکھ کر، مدد فراہم کرنا جاری رکھتا ہے ۔

# برٹش کولمبیا کے باشندوں کی صحت و سلامتی کا تحفظ

***بجٹ 2021 میں برٹش کولمبین کی صحت، ذہنی صحت اور سلامتی کا تحفظ جاری رکھا گیا ہے اور آئندہ تین سالوں میں صحت کی دیکھ بھال کے 4 بلین ڈالر کی فراہمی کے ساتھ ان خدمات میں توسیع کی گئی ہے جن پر لوگ انحصار کرتے ہیں ، بشمول کوویڈ-19 سے متعلق صحت کی خدمات کی فراہمی کو جاری رکھنے کے لئے فنڈ کے۔***

## لوگوں کو محفوظ رکھنے کے لیے کوویڈ-19 کی صحت کی اعانتیں

جب کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ٹیکے لگائے جارہے ہیں، حکومت لوگوں کو محفوظ رکھنے کے لئے سخت محنت کر رہی ہے۔ کوویڈ-19 عالمی وباء کے سلسلے میں صوبے کے جاری ردعمل کی اعانت کرنے کے لیے 2021 کا بجٹ،2021-22 میں 900 ملین ڈالر مختص کر رہا ہے ۔

- برٹش کولمبیا کے ہر ایک باشندے کے لئے کوویڈ-19 ویکسینیں
- دیہی، دور دراز (ریموٹ) اور سودیشی کمیونیٹیز کے لئے ٹیسٹنگ اور کانٹیکٹ ٹریسنگ، ایکسپینڈیڈ فلوامیونائزیشن (توسیع شدہ فلو کا حفاظتی ٹیکہ لگانا) اور صحت کی خدمات تک رسائی
- بزرگوں کو محفوظ رکھنےکے لئے طویل مدتی نگہداشت اور مددگار رہائش کی سہولت گاہوں میں عملے کی اسکریننگ۔

## صحت مند کل کے لئے بی. سی. کی صحت کی نگہداشت کی تقویت

بجٹ 2021 میں بی.سی. کی صحت کی نگہداشت کو مستحکم کرنا جاری رکھنے کے لئے اہم سرمایہ کای شامل ہیں تاکہ لوگوں کو معلوم ہو کہ ضرورت پڑنے پر انہیں مدد میسر ہوگی۔

- 3,000 لوگوں کو صحت کی نگہداشت کے کارکن (ہیلتھ کیئر ورکر) کے طور پر تربیت دینے اور ملازمت فراہم کرنے کے لئے 585 ملین ڈالر
- صحت کی نگہداشت کے نظام میں نظامی سودیشی نسل پرستی سے نمٹنے کے لئے 45 ملین ڈالر
- روز مرہ زندگی گزارنے میں بزرگ افراد کی اعانت میں معیاری ہوم کیئر کی فراہمی کے لئے نگہداشت فراہم کرنے والے ساتھیوں (کیئر ایڈس)اور کمیونٹی کیئر فراہم کنندگان کی تعداد میں اضافہ کے لئے 68 ملین ڈالر۔
- بزرگوں کو اپنے گھر کی سہلوت میں رہتے ہوئے پیچیدہ نوعیت کے ضروریات کی نگہداشت فراہم کرنے کے لئے 12 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری۔

*تشخیصی امیجنگ اور سرجری کی گنجائش میں اضافہ کرنے کے لئے **495** ملین ڈالر*

## بی سی کی تاریخ میں ذہنی صحت پر کی جانے والی سب سے بڑی سرمایہ کاری

برٹش کولمبیا کے باشندوں کی ذہنی صحت میں اب تک کی سب سے بڑی سرمایہ کاری کے ذریعے، بجٹ 2021 ذہنی لوگوں کو ثقافتی طور پر محفوظ اور موثر نگہداشت سے بہتر طور پر جوڑنے کے لئے ذہنی صحت اورنشہ اور مادے سے متعلق اعانت میں توسیع جاری رکھے گا۔

اس میں ذہنی صحت اور اورنشہ اور مادے سے متعلق خدمات کی توسیع کے مالیاتی منصوبے پر 500 ملین ڈالر کی نئی فنڈنگ شامل ہے۔

- ذہنی صحت کی خدمات تک رسائی اور معیار کو بہتر بنانے کے لئے 61 ملین ڈالر
- فرسٹ نیشنس ہیلتھ اتھارٹی کے لئے سودیشی عوام کو ذہنی صحت اور نشہ کی لت کی خدمات فراہم کرنے کے لئے 14 ملین ڈالر۔
- نشہ آور اشیاء کے استعمال کے علاج اور بحالی کی خدمات کا بشمول افیم نما منشیات (اوپیائڈ) کے علاج کا ایک مکمل اسپیکٹرم فراہم کرنے کے لئے 330 ملین ڈالر۔
- مزید لوگوں کو بحالی کے راستے پر جانے میں مدد کے لئے صوبہ بھر کی کمیونٹیز میں نشہ آور مادے کے استعمال سے متعلق علاج اور بحالی کے لیے 195 نئے بستر۔

*نوجوانوں کی ذہنی صحت کی اعانت میں ایک بہتر نیٹ ورک کی تعمیر کے لئے **97** ملین ڈالر*

## صحت کے نئے انفراسٹرکچر(بنیادی ڈھانچے) میں سرمایہ کاری

مالیاتی سال کے منصوبے کے دوران بجٹ 2021 میں 7.8 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کے ذریعے صحت کے کلیدی انفراسٹرکچر کی تعمیر پر توجہ دی جارہی ہے۔ یہ سرمایہ کاری بڑے بڑے تعمیراتی منصوبوں اور صحت کی سہولیات، طبی اور تشخیصی آلات اور ٹکنالوجی سسٹم کو اپ گریڈ کرنے میں معاون ہو گی۔

**صحت کے نئے منصوبوں جیسے کہ نیا سرے ہاسپٹل اینڈ کینسر سینٹر (SURREY HOSPITAL AND CANCER CENTRE) نیا سینٹ پالس ہاسپٹل (ST. PAUL'S HOSPITAL) اور کوئچن ڈسٹرکٹ(COWICHAN DISTRICT)، ڈاسن کریک اور ڈسٹرکٹ، ٹیرس اینڈ اسٹورٹ جھیل (DAWSON CREEK AND DISTRICT,) (TERRACE AND STUART LAKE) کے نئے اسپتال شامل ہیں۔ سرمایہ کاری میں برنابی ہسپتال (BURNABY HOSPITAL)، کملوپس رائل ان لینڈ ہاسپٹل (KAMLOOPS' ROYAL INLAND HOSPITAL)، پینٹکٹن ریجنل ہاسپٹل (PENTICTON REGIONAL HOSPITAL) اور کیریبو میموریل ہاسپٹل (CARIBOO MEMORIAL HOSPITAL) میں مریضوں کے لئے نئی جگہیں بھی شامل ہیں۔**

# عالمی وباء کے دوران بی. سی. کے کاروباروں کی مدد کرنا

***جوکوویڈ-19 سے شدید ترین طور پر متاثر شدہ ہیں ان کے لئے اضافی اعانت کے ساتھ بی.سی. کے کاروباوں کو بجٹ 2021 کے ذریعہ معاون اور خدمات تک رسائی حاصل ہے -***

اسٹرونگر بیسی اکنامک ریکوری پلان (Stronger BC Economic Recovery Plan) کے ذریعے شروع کیے گئے جاری کاروباری تعاون کو بجٹ 2021 فنڈ کرتا ہے تاکہ عالمی وباء کے دوران بی.سی. کے کاروباروں کی مدد کی جائے اور بحالی کی تیاری میں ان کی مدد کی جاسکے۔ جاری کاروبار کی معاونتوں میں شامل ہیں:

- اسٹرونگر بی سی انکریزڈ ایمپلائنمنٹ انسینٹیو (Stronger BC Increased Employment Incentive) ٹیکس کریڈٹ کی اعانت کرنے کے لئے 150 ملین ڈالر
- بی.سی. کے کاشت کاروں کوعارضی غیر ملکی کارکنان کو، جو بی.سی. کی فصلوں کی کٹائی میں مدد کررہے ہیں، کوویڈ-19 سے محفوظ رکھنےمیں مدد کے لئے 35 ملین ڈالر۔
- بی.سی.کی مصنوعات کے لئے مقامی مارکیٹ کو مستحکم کرنے اور وسعت دینے کے لیے اور گرو بی سی(Grow BC)، فیڈ بیسی(Feed BC)، بائے بی سی(Buy BC) کی حکمت عملی کو وسعت دینے کے لیے 10ملین ڈالر۔
- اسمال اینڈ میڈیم سائز بزنس ریکوری گرانٹ پروگرام (Small- and Medium-sized Business Recovery Grant program) کو جاری رکھنے کے لئے 195 ملین ڈالر کی مالی اعانت۔

یہ سرمایہ کاری خزاں کا 2020 کا اسٹرونگر بیسی اکنامک ریکوری پلان (Stronger BC Economic Recovery Plan) اور اس سے قبل 21-2020 کی اعانتوں پر استوار ہے:

- منتخب سامان اور مشینری میں سرمایہ لگانے پر پی ایس ٹی (PST) کی جاری چھوٹ، کاروباروں کو اپنےآپریشن کو محور بنانےیا اپ گریڈ کرنے میں مدد کرنےمیں تخمینی طور پر 110,000 انکارپوریٹڈ کاروبار اہل ہوں گے۔
- لانچ آن لائن (Launch Online) کے لئے44 ملین ڈالر، کاروباری اداروں کو ان کے ای-کامرس کی تشکیل یا بہتری لانے کے لیے بی.سی. ٹیکنالوجی کمپنیوں کے ساتھ منسلک کرنا اور کاروباروں کو ڈیجیٹل مارکیٹنگ کی تربیت فراہم کرنا تاکہ وہ اپنی آن لائن فروخت کو بڑھاسکیں۔
- اپنی مصنوعات کو صارفین تک زیادہ قابل رسائی بنانے کے لیے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کی اعانت کر کے بی.سی. میں ویلیو ایڈڈ مینوفیکچرنگ میں اضافہ کرنے کے لئے 10 ملین ڈالر، اور بی. سی. کی سپلائی چین کو مضبوط بنانے میں مدد کرنے کے لئے کاروباروں کے لئے 6 ملین ڈالر کی اضافی گرانٹ۔
- بی.سی. کی بڑھتی ہوئی زرعی- ٹیکنالوجی صنعت کی اعانت کے لئے7.5 ملین ڈالر۔
- بی.سی. کے فوڈ ہب نیٹ ورک(Food hub network) میں توسیع کرنے اور فارم کی جدت طرازی اور فوڈ پروسیسنگ کی اعانت کے لئے 7 ملین ڈالر۔
- 2020 میں کمرشل پراپرٹی ٹیکس میں اوسطاً 25٪ کمی۔



## بی سی کے سب سے زیادہ متاثرہ شعبوں کی حمایت کرنا

عالمی وباء کے دوران بہت سارے مختلف شعبوں کو خاص چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا ہے، اور صوبے نے ان کی انفرادی ضروریات کو پورا کرنے والے اعانتوں کے ساتھ جواب دیا ہے۔

ہم عالمی وبا کے بقایا عرصے اور بحالی کے دوران ان شعبوں کی حمایت جاری رکھیں گے جو سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔

### سیاحت

سیاحت کی سرمایہ کاری ایسے شعبے کی بحالی کی حمایت کرتی ہے جس میں غیر متناسب طور پر متاثر ہوئے گروہ افرادی قوت کے ایک اہم حصے کی نمائندگی کرتے ہیں:

- موسم خزاں 2020 میں، اسٹرونگربی سی ریکوری پلان (Stronger BC Economic Recovery Plan) میں سیاحت کی امداد اور بحالی کے اقدامات میں 70 ملین ڈالر سے زیادہ شامل تھے، جس میں بلدیات کو ان کے سیاحت کے بنیادی ڈھانچے (انفرا اسٹرکچر) کی تشکیل، موافقت اور تنوع اور مقامی سودیشی سیاحت کے کاروبار میں اعانت کے لئے سرمایہ کاری شامل ہے۔
- سیاحت آپریٹرز کو ہدف بنانے والے موسم خزاں میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری گرانٹ (اسمال اینڈ میڈیم سائزڈ بزنس گرانٹ) کی100 ملین ڈالر فنڈز کا اعلان بھی کیا گیا ہے۔

بی. سی. کے سیاحت کے شعبے کو مضبوط مستقبل کی تیاری میں مدد کے لئے، بجٹ 2021 میں مندرجہ ذیل میں سرمایہ کاری کی جائے گی:

- کمیونٹی منزل کی ترقی کی گرانٹ کے لئے بجٹ 2021 میں اضافی 20 ملین ڈالر، جو کمیونٹی کو مستقبل کے زائرین کے لیے، نئے سیاحت کے انفراسٹرکچر جیسے کہ ٹریلز اور ہوائی اڈے کی بہتری کے ذریعہ تیارہونے میں مدد فراہم کریں گے۔

**سیاحت کی بحالی، بشمول برٹش کولمبیا کو ایک منفرد منزل بنانے میں جو اہم اینکر پرکشش مقامات مدد کرتے ہیں ان کی اعانت میں 100 ملین ڈالر۔**

### فنون اور ثقافت

حکومت نے بی.سی.کی آرٹس اور تفریحی کمیونٹیزکے رہنماؤں کے ساتھ مل کر کام کیا ہے تاکہ بحالی کی ہدف شدہ مالی اعانت کی جاسکے اور حکومت پہلے ہی ایمپلیفائی بی سی (Amplify BC) کے ذریعے اگلے تین سالوں میں بی سی کی میوزک انڈسٹری کو سپورٹ کے لئے 22.5 ملین ڈالر فن اور ثقافت کی تنظیموں کی حمایت کے لئے 35 ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کرچکی ہے۔

آرٹس انفراسٹرکچرپروگرام کے بجٹ کو دوگنا کرکے 2021 کے بجٹ میں ان سرمایہ کاری کو فروغ دیا گیا ہے، جو فنون اور ثقافت کی تنظیم کی بحالی کے لئےسرمایہ کاری میں 6 ملین ڈالر بطورکیپیٹل امپروومنٹ گرانٹس فراہم کرے گا۔

### ریسٹورانٹس اور ہاسپیٹیلیٹی (خاطر و مدارت کے شعبے)

ریسٹورانٹس اور ہاسپیٹیلیٹی (خاطرومُدارت) کی صنعت عالمی وباء اور صوبائی محکمہ صحت کے تازہ ترین احکامات کے بدلتے ہوئے مناظر سے تسلسل مطابقت کرتے رہے ہیں۔

حکومت ریسٹورانٹس اور ہاسپیٹیلیٹی کی صنعت کی اس طرح سے مدد کر رہی ہے:

- سرکٹ بریکر بزنس ریکوری گرانٹس(Circuit Breaker Business RecoveryGrants) کے ذریعہ 50 ملین سے زیادہ کے ساتھ حالیہ صحت کی پابندیوں کے دوران 14,000 ریسٹورانٹس، بارز، بریوریز، جمز اور فٹنس مراکزوں کی امداد کرنا۔
- فوڈ ڈیلیوری کرنے والی کمپنیوں کی طرف سے ریسٹورانٹس سے وصول کی جانے والی فیسوں پر 15 فیصد تک کی عارضی حد مقرر کرنا۔
- صوبہ بھر میں بی.سی. کے حفاظتی ٹیکوں کے منصوبے میں مدد کے لیے غیر کلینیکل عملے کی حیثیت سے سیاحت اور ہاسپیٹیلٹی کے ان سینکڑوں کی تعداد میں عملے کو ملازمت پر رکھنا جنہیں عالمی وباءکی وجہ سے نوکری سے لیڈ آف کر دیا گیا تھا۔

*شراب لائسنس رکھنے والے ریسٹورانٹس، بار اور ٹورزم آپریٹرز کو بیئر، وائن اور اسپرٹ مستقل طور پر تھوک فروشی قیمتوں پر خریدنے کے لیے مدد فراہم کرنا تاکہ انہیں کچھ اضافی مالی سہارا ملے۔*



**برٹش کولمبیا کے کاروباری اداروں نے کوویڈ-19 کے تسلسل سے بدلتے ہوئے پیش منظرمیں تخلیقی صلاحیتوں اور جدتوں کو دوبارہ سوچنے اور نئے طریقے اپنانے کے لئے استعمال کیا ہے۔**

ان کاروباری اداروں کی مدد کے لئے جن کو اس کی اس وقت ضرورت ہے اور بی.سی. کے تمام کاروباروں کو ایک مستحکم مستقبل کی طرف جانے میں مدد کے لیے حکومت یہاں موجود ہے۔

# مضبوط معاشی بحالی اور ہمارے مستقبل کے لئے سرمایہ کاری

***2021 کے بجٹ میں ان سرمایہ کاریوں کو ترجیح دینا جاری ہے جو بی. سی. کو عالمی وبا کا جوابی عمل کرنے اور مضبوط بحالی کے لئے تیاری میں مدد کریں۔***

یہ اس 10 بلین ڈالر سے زیادہ کی سرمایہ کاری پر جمع ہوتی ہے جو عالمی وباء کے آغاز کے وقت سے لوگوں، کاروباروں اور کمیونٹیز کی مدد کے لئے فراہم کی گئی ہیں۔

**ان سرمایہ کاریوں سے ملازمت پیدا کرنے، بحالی کی حمایت، اور زیادہ پائیدار، جامع ، اور مساوی معیشت کی تشکیل میں مدد ملے گی۔**

2021 کے بجٹ میں اسپتالوں اور صحت کی سہولیات، اسکولوں، اور شاہراہ اور راہداری (ٹرانزٹ) منصوبوں میں اہم اپ گریڈ کرکے صحیح انفراسٹرکچر کی فراہمی یقینی بنائے گی۔

**بجٹ 2021 میں تین سالوں میں ٹیکس دہندگان سے تعاون یافتہ کیپیٹل سرمایہ کاری میں ریکارڈ 26.4 بلین ڈالر کی فراہمی ہے جس کے ذریعے تین سالہ منصوبے کی مدت میں 85,000 سے زیادہ ملازمتیں پیدا ہونے کی توقع ہے ۔**

یہ سرمایہ کاری، اس تاریخی سرمایہ کاری پر استوار ہے جو حکومت پہلے ہی کلیدی انفراسٹرکچر کےلیے کر چکی ہے۔ تمام موجودہ منصوبوں پر توجہ دی جارہی ہے، تاکہ لوگ فوراً کام پر واپس آسکیں، اور نقل و حمل، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں نئی سرمایہ کاری کے ذریعہ طویل مدتی بحالی کی بنیاد کی معاونت کر سکیں۔

بجٹ 2021 مندرجہ ذیل کے ذریعے بھی سرمایہ کاری کرتا ہے:

- دیہی اور دور دراز کمیونٹیز، جن میں سودیشی کمیونٹیاں شامل ہیں، تیز رفتار انٹرنیٹ اور سیلولر کوریج کی فراہمی کے لئے 40 ملین ڈالر۔
- آپریٹنگ فنڈنگ اور کیپیٹل فنڈنگ میں 83 ملین ڈالر بی سی پارکس کے لئے،ٹریلز اور بیک کنٹری انفراسٹرکچر کو وسعت دینے اور بہتر بنانے، نئے کیمپ سائٹس شامل کرنے،پارکس کو بڑھانے کے لئے نئی جگہ کی خریداری، ڈسکور کیمپنگ ریزرویشن سسٹم(Discover Camping reservation system) کو بہتر بنانے، اور موجودہ پارک انفراسٹرکچر کی اعانت کرنے کے لیے۔
- بی.سی.کے کنفیڈریشن میں داخلے کی ایک سو پچاسویں سالگرہ منانے کی اقدامات کی اعانت کے لئے30 ملین ڈالر

**بی. سی. میں اعلی ترقیاتی کاروباریں، قابلیت اور اچھی ملازمتوں کو راغب کرنے اور اینکر کرنے کے لئے، 2021 کے بجٹ میں ان بی سی اسٹریٹجک انویسٹمنٹ فنڈ(INBC STRATEGIC INVESTMENT FUND) کے تین سال کے دورانیے میں 500 ملین ڈالر کی مالیاتی امداد شامل ہے۔**

## کلین بی سی (CLEANBC) کے ذریعے بی.سی. کی ماحول پسند بحالی کی تیاری

بجٹ 2021 نے ہمارے اس پیشرفت پر منحصر ہو کر جو ہم نے اخراج کو کم کرنے، صاف توانائی اور کلین ٹیک میں سرمایہ کاری کرنے اور آب و ہوا کی تبدیلی کی تیاری کے لئے ایک صاف ستھری اور مضبوط معیشت کی تشکیل کی ہے ، اضافی 506 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے۔

اسٹرانگر بی سی ایکونومک ریکوری پلان (Stronger BC Economic Recovery Plan) کے ذریعہ ، ہم نے آب و ہوا میں تبدیلی کے منصوبوں میں 190 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی تاکہ ملازمتوں اور ایک صاف ستھری، مزید لچک والی معاشی بازیافتی کی مدد کی جاسکے۔

*ان سرمایہ کاریوں سے نقل و حمل کے آلودگی کےاخراج میں کمی آئے گی، کم کاربن جدت طرازی کے لیے مدد ہوگی، کلیدی واٹرشیڈ اور ہیبیٹاٹ کی بحالی اور حفاظت ہوگی اور ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات کی تیاری کرتے ہوئے اس سے نمٹنے میں مدد ملے گی ۔*

بجٹ 2021 میں اضافی فنڈنگ، کل کلین بی سی (CleanBC) کے لئے ، بشمول اسٹرونگر بی سی (Stronger BC)کے2019/20 سے کل تقریباً 2.2 بلین ڈالر مختص کر دی گئی ہے۔

## ماحول دوست ٹرانسپورٹیشن

صِفراخراج (زیرو ایمیشن) والی گاڑیوں ، بجلی کے چارجنگ اسٹیشنوں، تکنیکی ترقی اور اسکول بسوں، فیریوں اور سرکاری بیڑے کے بجلی پر منتقلی کے لئے مراعات کی حمایت میں130 ملین ڈالر کے ساتھ ماحول دوست گاڑیوں کی منتقلی میں جاری سرمایہ کاری، بشمول:

- گوالیکٹرک(GO Electric) پروگرام میں 94 ملین ڈالر، جو صِفر اخراج (زیرو ایمیشن) والی گاڑیوں کی خریداری، اسٹیشنوں کو چارج کرنے اور ہیوی ڈیوٹی والی گاڑیوں کو کاروباری بنانے کے لیے ریبیٹ فراہم کرتا ہے۔
- بائک لین، فٹ پاتھ اور کثیر استعمال کے راستے جیسے فعال نقل و حمل کے انفراسٹرکچر کی حمایت کے لئے 18 ملین ڈالر۔
- برقی بائیکس پر پی ایس ٹی (PST) کی چھوٹ جو تخمینے کے مطابق برٹش کولمبنس کے لئے سالانہ 7 ملین ڈالر کی بچت کرے گی۔
- ایندھن میں کاربن کی شدت کو کم کرنے کی پالیسی کو مزید ترقی دینے اور یہاں بی.سی. میں ہائیڈروجن معیشت تیار کرنےکے لئے10 ملین ڈالر۔



## بہتر عمارتیں، مضبوط کمیونٹیز

بجٹ 2021 عمارتوں میں توانائی کی کارکردگی، شہر کی بہتر منصوبہ بندی اور دور دراز کی (ریموٹ) اور سودیشی کمیونٹیز میں ڈیزل کے استعمال کو کم کرنے کے لئے مالی اعانت میں اضافہ کے ذریعے ماحول دوست، مضبوط کمیونٹیز کی حمایت کررہا ہے۔

## صنعت اور کلین ٹیک کے ساتھ کام کرنا

- کلین بی سی برائے صنعت کے لئے اخراج کو کم کرنے، برٹش کولمبیا کے کلین ٹیک شعبے کو مزید وسعت دینے اور صاف معیشت میں عالمی مسابقت کی حمایت کرنے کے لئے 96ملین ڈالر۔ صنعت کو اخراج کم کرنے، برٹش کولمبیا کے کلین ٹیک سیکٹر کومزید بڑھانے اور صاف معیشت (کلین ایکونومی) میں عالمی مسابقت کوسپورٹ کرنے کے لئے کلین بی سی (CleanBC) پروگرام کے لئے 96 ملین ڈالر
- سینٹر فار انوویشن اینڈ کلین انرجی (Centre for Innovation and Clean Energy) کوسپورٹ کرنے اور وفاقی حکومت کے ساتھ شراکت کے مواقع بڑھانے کے لئے کلین ٹیک سرمایہ کاری کے لئے 60 ملین ڈالر
  - یہ سینٹر فار انوویشن اینڈ کلین انرجی (Centre for Innovation and Clean Energy)، بی.سی. میں صاف ٹکنالوجی کی ترقی اور تجارتی کاری کوسپورٹ کرے گا۔ – کم-کاربن مستقبل میں منتقلی کے لیے ٹکنالوجی کی ترقی میں تیزی لائےگا اور اچھی ملازمتیں پیدا کرے گا۔
- ماحولیاتی ایکشن سیکرٹریٹ(کلائمیٹ ایکشن سیکرٹریٹ) کو آب و ہوا کے عملی اقدامات کو فروغ دینے میں مدد دینے کے لئے 4 ملین ڈالر، جو صاف، جامع معاشی نمو کی حمایت کرتے ہیں۔

## آب و ہوا کی موافقت اور تیاری

موسمیاتی خطرے کا بہتر طور پر سامنا کرنے اور اثرات کو کم کرنے کے لئے بی.سی. کی کلائمیٹ پریپیئرڈنیس اینڈ ایڈیپٹیشن اسٹریٹجگی(Climate Preparedness and Adaptation Strategy) کے پہلے مرحلے کی اعانت کے لئے صوبہ 6 ملین ڈالر دے کر موسمیاتی تیاری اور موافقت کوسپورٹ کرنے کے لئےترقی پزیر پیش قدمیوں میں سرمایہ کاری جاری رکھتا ہے۔

# زندگی کو مزید قابل استطاعت بنانے میں مدد کرنا

## حکومت کا مرکزی عہد لوگوں کے لئے زندگی کو مزید قابل استطاعت بنانا ہے۔

2021 کے بجٹ میں متعارف کرائے گئے اقدامات اور اسی کے ساتھ ساتھ پچھلے چار سالوں میں زیرِ عمل دیگر اقدامات کے نتیجے میں بہت سارے کنبے اور افراد جاری بچت ملاحظہ کر پا رہے ہیں۔

**ممکنہ طور پر جاری بچت**

| | **وینکوور میں 100,000 ڈالر کمانے والے چار افراد پر مشتمل خاندان**<br>بچہ 1 (عمر 12 سال)<br>بچہ 2 (عمر 5 سال ڈے کیئر میں) | **وینکوور میں 80,000 ڈالر کمانے والے چار افراد پر مشتمل خاندان**<br>بچہ 1 (عمر 12 سال)<br>بچہ 2 (عمر 5 سال ڈے کیئر میں) | **وینکوور میں واحد والد/والدہ جو 60.000 ڈالر کماتے ہیں**<br>ایک بچہ (عمر 5 سال ڈے کیئر میں) | **وینکوور میں غیر منسلک فرد 30.000 ڈالر کماتا ہے** |
|---|---|---|---|---|
| طلباء کے لئے بی. سی. کا نیا رسائی گرانٹ | 1,333 | 2,667 | - | 4,000 |
| ایم ایس پی کا خاتمہ | 1,800 | 1,800 | 1,800 | 900 |
| طلباء کےقرضے پرسود کو ختم کرنا | 230 | 230 | 230 | 230 |
| قابل استطاعت بچوں کی دیکھ بھال کا فائدہ(چائلڈ کیئر بینیفٹ) | 2,316 | 4,800 | 4,800 | - |
| بچوں کی دیکھ بھال کی(چائلڈ کیئر فیس میں کمی کی پیش قدمی | 1,440 | 1,440 | 1,440 | - |
| پورٹ مان اور گولڈن ایئر ٹولز کو ختم کرنا | 1,500 | 1,500 | 1,500 | 1,500 |
| **بی.سی.چائلڈ آپرچونیٹی بینیفٹ** | 598 | 1,380 | 700 | - |
| **بی.سی.چائلڈ آپرچونیٹی بینیفٹ** | 400 | 400 | 400 | 400 |
| **بچوں کے لئے مفت ٹرانزٹ** | 1,344 | 1,344 | 672 | - |

### اضافی ممکنہ بچت

| ***ایک وقت کی چھوٹ*** |
|---|
| *صفر اخراج(زیرو ایمیشن) گاڑی پر ، 3.000 ڈالر تک کی بچت کریں۔* |
| *ہیٹ پمپ پر، 3.000 ڈالر تک کی بچت کریں۔* |
| *ای بائکس(e-bikes) پرپی ایس ٹی(PST) کی چھوٹ آپ کے لئے اوسطاً 280 ڈالر کی بچت کر سکتی ہے۔* |

**مزید معلومات کے لئے**

بجٹ 2021 کی تفصیلات: www.bcbudget.ca
منسٹری آف فائنانس (وزارت خزانہ):
www.gov.bc.ca/fin

*یہ دستاویز ماحولیاتی طور پر شعور والے عنصری کلورین سے پاک کاغذ(Elementary Chlorine free paper) پر چھپی گئی تھی، اس میں بازیافت ریشہ موجود ہے اور یہ 100فیصد ری سائیکلیبل ہے۔ اس دستاویز کی تیاری میں تحفظ کے بہترین طریقہ کار شامل تھے۔ براہ کرم کم استعمال کریں (Reduce)، دوبارہ استعمال کریں (Reuse) اور دوبارہ کارآمد بنائیں (Recycle)۔*